# 73: سورۃ المُزمّل

*Flow Chart* *Macro Structure*

| مکّیہ | آیات:20 | پیراگراف:4 |
|---|---|---|




**زمانۂ نزول:** سورۃ المزمل کی ابتدائی آٹھ آیات، غالباً سورۃ العلق اور سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات کے بعد نازل ہوئیں۔ نزولی ترتیب کے اعتبار سے (سورۃ المزمل) کا یہ حصہ تیسرے نمبر پر ہے۔

یہ حصہ بہت ممکن ہے کہ وحی کے آغاز کے فوراً بعد پہلے سال نازل ہوا ہوگا۔ دعوت کے اس مرحلے میں مستقبل کی قیادت تیار کرنے کے لیے (اسابقون الاولون) کی تربیت کا اہتمام کیا گیا۔ چونکہ اس دَور میں دعوت خفیہ تھی اور پنج وقتہ نماز بھی فرض نہیں کی گئی تھی، اس لیے انہیں نصف شب یا اس سے کچھ کم یا زیادہ وقت کے لیے نمازِ تہجد میں ٹھہر ٹھہر کر ترتیل کے ساتھ قرآن پڑھتے اور سننے کی ہدایت کی گئی۔

اس سورۃ کی درمیانی گیارہ آیات 9 تا 19 اعلانِ عام کے بعد، دورِ تکذیب میں نازل ہوئیں۔

اس سورۃ کی آخری آیت نمبر 20 غالباً مدینہ منورہ میں ہجرت کے فوراً بعد 1ھ میں نازل ہوئی۔